REGD No. L. 5254

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون نمبر ۹۸

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ
عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ الفضل ربوہ

یوم سہ شنبہ — فی پرچہ ۱

جلد ۴۷/۱۲ — ۱۶ فتح ۱۳۳۷ھ ش — ۱۶ دسمبر ۱۹۵۸ء — نمبر ۲۹۰

## سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کے متعلق دعا کی تحریک

جلسہ سالانہ کے ایام قریب آ رہے ہیں۔ جلسہ کے دنوں میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو معمول سے کہیں بڑھ کر کام کرنا پڑے گا۔ اور بہت زیادہ وقت دینی امور کی سرانجام دہی میں مصروف رہنا ہوگا۔ احباب ان دنوں خاص توجہ اور درد و الحاح کے ساتھ دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضور کو طاقت و ہمت عطا فرمائے۔ تاکہ اس محنتِ شاقہ کا حضور کی طبیعت پر کوئی اثر نہ پڑے اور حضور کو صحت و سلامتی کے ساتھ کام کرنے والی عمر عطا فرمائے۔

## بنیادی مسائل حل کر لینے کے بعد ملک کو نہائت عمدہ آئین دیا جائے گا

### لاہور سے راولپنڈی پہنچکر صدر جنرل محمد ایوب خاں کا بیان

راولپنڈی ۱۵ دسمبر۔ صدر پاکستان جنرل محمد ایوب خاں کل صبح لاہور سے بذریعہ طیارہ راولپنڈی پہنچے۔ فضائی اڈہ پر اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے صدر نے یقین دلایا۔ کہ مناسب وقت آنے پر ملک کو نہائت اچھا آئین دیا جائے گا۔ آپ نے کہا آپ صبر سے کام لیں۔ اور ہمیں سب سے پہلے ملک کے اقتصادی مسائل حل کر لینے دیں۔ صدر کا طیارہ ساڑھے نو بجے لاہور سے چک لالہ کے فضائی اڈے پر پہونچا۔ صدر نے ایک جرنیل کی وردی پہن رکھی تھی۔ اور وہ بڑے خوش نظر آتے تھے۔ راولپنڈی میں گزشتہ تین روز سے بارش جاری تھی۔ لیکن صدر کا طیارہ پہنچنے سے چند منٹ پہلے بارش بند ہو گئی تھی — فضائی اڈہ پر اعلےٰ فوجی اور سول افسروں نے صدر کا استقبال کیا سردار ابراہیم صدر آزاد کشمیر بھی استقبال کے لئے موجود تھے۔

صدر ایوب آج صبح جب لاہور سے اپنی بیگم صاحبہ کے ہمراہ راولپنڈی روانہ ہوئے تو گورنر مغربی پاکستان مسٹر اختر حسین مغربی زون کے ناظم مارشل لا لیفٹیننٹ جنرل بختیار رانا جنرل آفیسر کمانڈنگ لاہور گیریزن میجر جنرل سیر غواص اور دوسرے اعلیٰ سول و فوجی افسروں نے صدر کو الوداع کہا۔

## ایٹمی توانائی کے پُرامن استعمال کیلئے ایک اور کانفرنس

### جنرل اسمبلی نے سات ملکوں کی تجویز منظور کر لی

اقوام متحدہ ۱۵ دسمبر۔ جنرل اسمبلی نے متفقہ طور پر سات ملکوں کی پیشکردہ ایک قرارداد منظور کی ہے۔ جس میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل مسٹر ہمرشولڈ سے کہا گیا ہے کہ وہ ایٹمی طاقت کے پُرامن استعمال کے لئے ایک نئی بین الاقوامی کانفرنس طلب کرنے کے امکان کا جائزہ لیں — یہ قرارداد برازیل۔ کینیڈا۔ امریکہ۔ فرانس۔ بھارت۔ برطانیہ اور روس نے پیش کی تھی مسٹر ہمرشولڈ سے کہا گیا ہے کہ وہ ۱۹۶۰ء میں اسمبلی کے اجلاس میں کانفرنس سے متعلق اپنی رپورٹ پیش کریں۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ ایٹم کے پُرامن استعمال کے متعلق جنیوا کی گزشتہ ستمبر کی کانفرنس کافی کامیاب ثابت ہوئی۔ قرارداد میں یہ سفارش کی گئی ہے کہ ایٹمی امور سے متعلق اقوام متحدہ کی مشاورتی کمیٹی اپنی سرگرمیاں جاری رکھے۔

## ضروری اعلان

دیکھا گیا ہے کہ بعض دوست بلاوجہ حضور اقدس کو فون کر دیتے ہیں حالانکہ اس کی پہلے بھی ممانعت کی گئی تھی۔ جس کسی نے بات کرنی ہو وہ فون نمبر ۵۷ پرائیویٹ سکرٹری سے بات کیا کریں اور خواہ مخواہ حضور اقدس کو تکلیف دینے کا موجب نہ بنیں۔ دوست اسے نوٹ کر لیں۔ اور آئیندہ احتیاط رکھیں۔

پرائیویٹ سکرٹری

## ہیمرشولڈ اردن آئیں گے

عمان ۱۵ دسمبر۔ اقوام متحدہ کے سکرٹری جنرل مسٹر ڈگ ہمرشولڈ کرسمس کے ایام اقوام متحدہ کی فوج کے ساتھ بسر کرنے کے بعد ۳ جنوری کو عمان پہونچیں گے۔

## وقت وقت کی بات

ایک وقت تھا کہ کھانے کے لئے جوار باجرہ پہننے کے لئے موٹا سوتی کپڑا اور سواری کے لئے بیل گاڑی کا میسر آنا غنیمت تھا مگر آج ..... ؟ آج زمانہ بہت آگے جا چکا ہے

موجودہ انسان کی طبی ضروریات کو دنیا کی جدید ترین طب یعنی ہومیو پیتھی ہی صحیح معنوں میں پورا کر سکتی ہے۔ فن۔ اہلِ فن اور ضرورتمندوں کے لئے ہمارے ادارہ کی خدمات حاضر ہیں۔

ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی غلہ منڈی ربوہ

## ۱۹۵۹

ہم اپنے گاہکوں اور کرم فرماؤں کی اطلاع کے لئے اعلان کرتے ہیں کہ ہمارے شعبہ ادویات اور شائنو بوٹ پالش کی طرف سے نئے سال کے نہائت خوبصورت کیلنڈر شائع کر دیئے گئے ہیں۔ آپ اپنے لئے یہ کیلنڈر جلسہ سالانہ کے ایام میں ہمارے سٹال واقع گول بازار پر تشریف لا کر ہم سے حاصل کریں

فضل عمر ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ربوہ

## انگوٹھیاں الیس اللہ بکافٍ عبدہ

تیار کردہ

احمدیہ دوکان زیورات اپنی خوبصورتی اور پائیداری کے لئے مشہور ہیں۔ آرڈر پر سونے کی انگوٹھیاں بھی تیار کی جاتی ہیں۔

میاں روشن الدین ضیاء الدین گول بازار ربوہ

## حب جند

وہم گھبراہٹ، نیند نہ آنا، کمزوری قلب، مالیخولیا اعصابی کمزوری دماغی پریشانی کا کامیاب علاج

قیمت مکمل کورس ۲۵ روپے

دواخانہ خدمت خلق ربوہ

ایڈیٹر: روشن دین تنویر بی۔ اے۔ ایل ایل بی

مسعود احمد پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں چھپوا کر دفتر الفضل ربوہ سے شائع کیا

روزنامہ الفضل ربوہ

مورخہ ۱۴ر دسمبر ۱۹۵۸ء

# جلسہ آ رہا ہے

جلسہ آ رہا ہے نہیں بلکہ یوں کہنا چاہیئے کہ جلسہ آ گیا ہے۔ کئی دوست تو ابھی سے ربوہ پہنچ بھی گئے ہیں۔ اور بہت سے راستہ میں ہیں اور جلد پہنچ جائیں گے۔ دُور سے آنے والے۔ پھر وہ لوگ جن کے ربوہ میں عزیز ہیں پہلے ہی پہنچ جاتے ہیں۔ ان کے علاوہ اکثر ایسے دوست بھی ہیں۔ جو ربوہ میں زیادہ سے زیادہ وقت گزارنے کے خیال سے کئی دن پہلے ہی چلے آتے ہیں۔ کیونکہ ربوہ ایک مقدس مقام ہے۔ اور یہاں جتنا زیادہ وقت گزر جائے سب داخل عبادت ہے

اصل بات یہ ہے کہ ایک مومن کی تمام زندگی عبادت ہوتی ہے۔ اس کا اٹھنا بیٹھنا۔ چلنا۔ پھرنا۔ سونا۔ لیٹنا۔ کھانا۔ پینا۔ بولنا۔ چالنا حتیٰ کہ خاموش رہنا بھی عبادت میں داخل ہوتا ہے۔ ایک مومن کی زندگی کے دو حصے نہیں ہوتے ایک دینی اور ایک دنیوی بلکہ اس کا ہر کام ہر بات ہر حرکت دینی ہوتی ہے اسلامی عبادت صرف ان اوقات میں مقید نہیں ہے جن کو عام طور پر فریضہ سمجھ کر ہم ادا کرتے ہیں۔ بلکہ حقیقت یہ ہے۔ کہ اگر ہماری ہر سانس اللہ تعالےٰ کی عبادت میں نہیں گزرتی۔ تو موقت عبادت بھی کوئی عبادت نہیں رہتی۔ اس لئے کہ موقت عبادت دراصل مشقی حیثیت رکھتی ہے۔ یہ اس لئے ہے کہ ہم اپنی تمام زندگی کو عبادت کا رنگ دینے کے لئے خاص اوقات میں زیادہ جوش سے زیادہ انہماک سے اللہ تعالےٰ کی طرف رجوع کریں۔

یہ جو کہا جاتا ہے کہ اسلام انسان کی تمام زندگی پر حاوی ہے۔ اس کا مطلب یہی ہے۔ کہ ہمیں اپنے تمام کام اس طرح ادا کرنے چاہئیں۔ کہ اللہ تعالےٰ کا خوف اللہ تعالےٰ کی محبت ہمارے دل میں موجود رہے۔ اور ہم ہر کام کو تقوے کے مطابق کریں۔ اگر ہماری موقت عبادت ہماری ذہنیت میں یہ رجحان پیدا نہیں کرتی۔ تو جیسا کہ ہم نے کہا ہے۔ ہماری موقت عبادت بھی بے فائدہ ہے۔ وہ ہم کو ظاہری اور قانونی طور پر تو مسلمانوں میں شامل کر دیتی ہے۔ لیکن حقیقی معنوں میں شامل نہیں کرتی۔ حقیقی مومنوں میں ہم اسی وقت شامل ہو سکتے ہیں۔ جب ہمارا ہر کام تقوے اللہ کے رنگ میں ہو۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کا اسوۂ حسنہ ہمارے سامنے ہے۔ آپ نے اسی وجہ سے ہر کام شروع کرنے کے لئے بسم اللہ کا پڑھنا ضروری بتایا ہے۔ یہی نہیں۔ بلکہ ہر کام کے لئے الگ الگ دعائیں بھی سکھائی ہیں۔ یہاں تک کہ کپڑے بدلنے۔ باہر جانے واپس آنے بلکہ حاجات رفع کرنے کے لئے بھی دعائیں سکھائی ہیں۔ یہ دعاؤں کا سلسلہ آخر کیا ہے۔ اس کا مطلب کیا ہے۔ اس کا مطلب یہی ہے کہ ہمارا ہر کام عبادت ہونا چاہیئے

جب یہ صورتِ حال ہے تو اس سے یہ نتیجہ نکالنا کوئی مشکل نہیں کہ جلسہ سالانہ میں شمولیت تو بدرجہ اولیٰ عبادت ہے۔ جس وقت ایک احمدی جلسہ پر آنے کی نیت کرتا ہے۔ اسی وقت سے یہ عبادت شروع ہو جاتی ہے۔ جلسہ میں آنے کے لئے جو تیاری وہ کرتا ہے۔ وہ بھی عبادت ہی ہے۔ اس کا سفر بھی عبادت ہی ہے۔ اور جب وہ جلسہ میں شامل ہو جاتا ہے۔ تو یہ تو عبادت کا گویا گل سرسبد ہے۔ یہاں وہ خالصۃً ذکر الٰہی کی غرض سے آتا ہے۔ دنیاوی کاموں کی ملونی اس میں نہیں ہوتی۔

دین اور دنیا میں جو لوگ فرق کرتے ہیں۔ وہ دراصل اس فرق کی حقیقت نہیں کر سکتے۔ اس لئے انہوں نے نماز روزہ۔ حج۔ زکوٰۃ کو تو دینی کام سمجھ رکھا ہے۔ اور رزق کمانے۔ کھانے پینے۔ اور سودا سلف خریدنے کو دنیاوی کام سمجھ لیا ہے۔ حالانکہ کوئی کام فی ذاتہ نہ دینی ہوتا ہے اور نہ دنیاوی صرف اس کے کرنے والے کی ذہنیت اس کو دینی یا دنیاوی بناتی ہے۔ اگر نماز پڑھنے میں خیالات اللہ تعالےٰ کی طرف قائم نہ ہوں بلکہ کسی اور طرف آوارہ ہوں۔ تو نماز بھی نعوذ باللہ نماز نہیں رہتی۔ محض دنیاوی فعل رہ جاتی ہے۔ ؎

جب دل ہی ترا تجھ سے کر جائے گریز اے شیخ
حاضر ہو خدا کیونکر پھر تیری نمازوں میں

جب ایک احمدی یہ اقرار کرتا ہے کہ میں دین کو دنیا پر مقدم رکھونگا۔ تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے۔ کہ میں جو کام بھی کروں گا اللہ تعالےٰ کی خوشنودی اور اس کی رضا کے حصول کے لئے کرونگا۔ ایک وقت میں بعض کام جو عام خیال میں دنیوی ہوتے ہیں فرضی عبادت سے بھی بڑھ کر عبادت بن جاتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جو کام بظاہر دنیوی نظر آتا ہے۔ مومن اس کو اس طرح ادا کرتا ہے۔ کہ وہ بدرجہ اولیٰ عبادت بن جاتا ہے۔ جب ایک بزرگ نے اپنا مال جو حج کرنے کے لئے انہوں نے رکھا ہوا تھا۔ ایک مفلس کو دے دیا۔ اور حج کے لئے جانا ترک کر دیا۔ تو رات کو انہیں خواب میں بتایا گیا کہ صرف ان کے اس فعل کی وجہ سے نہ صرف ان کا حج قبول ہوا ہے۔ بلکہ ان لوگوں کا حج بھی قبول ہو گیا ہے۔ جو گنہگار تھے۔ اور جن کا حج قابلِ قبول نہ تھا۔ بیشک انفاق فی سبیل اللہ بھی عبادت ہے۔ لیکن حج بھی پنج بنائے اسلام میں سے ہے۔ اگر وہ بزرگ صاحب نصاب تھے۔ تو انہوں نے زکوٰۃ ادا کر کے اپنا فریضہ انفاق ادا کر دیا ہو گا۔ حج کا روپیہ اگر وہ انفاق نہ کرتے۔ تو مسلمان ہی رہتے۔ اور حج کر کے دوہرا فریضہ بھی ادا کر لیتے۔ لیکن انہوں نے انفاق کو فریضہ حج پر ترجیح دی اور اسلامی عبادت کی روح کے لحاظ سے یہ اتنا اعلیٰ ثواب کا کام انہوں نے کیا کہ جس کا اجر انہیں گھر بیٹھے ہی مل گیا۔ اس لئے ان کا یہ فعل مومنانہ عبادت پر دال ہے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ ایک دفعہ جہاد کی تیاری کرنے والوں نے جب اللہ تعالےٰ کی دی ہوئی اجازت کے مطابق روزے نہ رکھے۔ تو آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہٖ وسلم نے فرمایا کہ آج روزہ نہ رکھنے والے روزہ داروں سے بڑھ گئے ہیں۔ بظاہر روزہ نہ رکھنا ترک عبادت تھا۔ اور دنیوی ملونی رکھتا تھا لیکن انہیں اللہ تعالےٰ نے اس وقت بے روزوں کو ترجیح دی۔ اور ان کے فعل کو روزہ داروں سے بھی بڑھ دیا۔ یہی وجہ ہے۔ کہ ہر احمدی کا دل جلسہ میں شمولیت کرنے کو چاہتا ہے۔ کیونکہ ہر احمدی جانتا ہے کہ یہ بڑی عبادت ہے۔ اس لئے دعا ہے کہ اللہ تعالےٰ ہر احمدی کو اس عبادت میں حصہ لینے کی توفیق عطا کرے۔ آمین

## جماعت احمدیہ کا جلسہ سالانہ ۱۹۵۸ء

جماعت احمدیہ کا جلسہ سالانہ ۱۹۵۸ء بمقام ربوہ ضلع جھنگ مورخہ ۲۶-۲۷-۲۸ دسمبر ۱۹۵۸ء منعقد ہونا قرار پایا ہے۔ احباب زیادہ سے زیادہ تعداد میں جلسہ میں شامل ہوں۔

ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد

ہر صاحب استطاعت احمدی کا فرض ہے کہ
اخبار الفضل خود خرید کر پڑھے

# سیرالیون میں مبلغین اسلام کی تبلیغی سرگرمیاں

## رئیس التبلیغ مغربی افریقہ کی آمد۔ تین نئی مساجد کی تعمیر کی تیاری

## اخبار افریقن کریسنٹ کی وسیع اشاعت۔ ہزاروں افراد تک پیغام حق

### لجنہ اماء اللہ کے تبلیغی وفود

### ۱۸۔ افراد کا قبول اسلام

(از مکرم ملک غلام نبی صاحب شاہد مبلغ سیرالیون بوساطت وکالت تبشیر ربوہ)

(۳)

### احمدیہ سنٹرل سکول بو

مکرم برادرم چوہدری محمد اسحٰق صاحب خلیل اسکے پرنسپل ہیں۔ اور اس دفعہ بفضلہ تعالیٰ چودہ طالب علم کامن انٹرنس کے امتحان میں کامیاب ہوکر مختلف سکنڈری سکولوں کے لئے گورنمنٹ کی طرف سے منتخب کئے گئے ہیں۔

آپ اس عرصہ میں سکول میں روزانہ اسلام اور احمدیت کے مخصوص عقائد پر لیکچر دیتے رہے۔ اور طلباء اور سٹاف میں اسلامی تمدن کی روح پیدا کرنے کے لئے کوشش کرتے رہے۔

ہمارا یہ سکول جنوب مغربی صوبہ میں واحد اسلامی سکول ہے۔ اگرچہ یہاں پر سکولوں کی کمی کی وجہ سے مخلوط تعلیم کا سسٹم ہے لیکن ہمارا سکول اسلامی روایات و آداب کے لحاظ سے جملہ سکولوں میں نمایاں حیثیت رکھتا ہے۔

بہت سے مخالفین مجبوراً ہمارے سکول کے اعلیٰ معیار اور اسلامی تعلیم کی وجہ سے اپنے بچوں کو یہاں بھیجتے ہیں۔ اس لئے یہ سکول بفضلہ تعالیٰ زائرین اور بچوں کے والدین میں تبلیغ کا ایک موثر ذریعہ ہے۔

آپ سکول سے ملحقہ بورڈنگ ہاؤس میں رہنے والے بچوں کی نگرانی کرتے رہے ہیں اور انہیں عربی اسباق دیتے رہے ہیں مکرم اسحٰق صاحب اس عرصہ میں بو سے گبوہ کا دورہ پر تین یوم کے لئے گئے۔ وہاں پر آپنے احمدیہ سکول کا معائنہ کیا۔ اور بعض تعلیمی منصوبوں کے بارہ میں شمالی صوبہ کے ایجوکیشن سیکرٹری سے ملے۔ اور ایسے ہی آپ نے متعدد اصحاب کو پیغام حق پہنچایا۔ اور جماعت کی تعلیم وتربیت کی۔

آپ نے بو شہر میں سوشل ویلفئر ڈیپارٹمنٹ کی دعوت پر متعدد میٹنگز میں حسب ہدایت مولوی محمد صدیق صاحب امرتسری مشن کی نمائندگی کی۔ نیز بو میں بہت سے اصحاب کو بذریعہ لٹریچر و زبانی تبلیغ کرتے رہے۔

### لجنہ اماء اللہ کی تبلیغی مساعی

محترمہ اہلیہ صاحبہ مولوی محمد صدیق صاحب امرتسری یوں تحریر فرماتی ہیں۔

اس عرصہ میں ہفتہ واری اجلاس باقاعدہ ہوتے رہے۔ ان اجلاسوں میں خصوصاً اس دفعہ پردہ کے فوائد پر متعدد بار وعظ ونصیحت کی گئی اور نہ کرنے کے نقصانات ان پر واضح کئے گئے۔

آپ نے تربیت اولاد پر خاص زور دیا اور بتایا کہ بچے کی تربیت کرنا ماں کا اولین فرض ہے۔ اس لئے آپ نے اس ملک کے حالات کے مطابق خاص طور پر بہنوں کو تلقین کی کہ آپ اپنی اولادوں کو اپنے ساتھ نمازوں اور اجلاسوں میں باقاعدہ لائیں۔ تا انہیں دین کے کاموں کی طرف توجہ اور دلچسپی پیدا ہو۔ اور اسلام اور احمدیت کے لئے مفید وجود بن کر قوم کی عزت کو بڑھائیں۔

### لجنہ کی طرف سے تبلیغی وفود

بہنیں نمازوں میں شامل ہوکر صبح وشام درس قرآن وحدیث سے فائدہ اٹھاتی ہیں۔ اور قرآن کریم اور قاعدہ یسرنا القرآن باقاعدہ پڑھایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ہر اتوار کو چار چار بہنوں کا ایک وفد بناکر بو شہر اور اردگرد تین تین چار چار میل دور بھیجا جاتا ہے۔ بہنیں اس میں خاصی دلچسپی لے رہی ہیں۔ اگرچہ عیسائی تعلیمیافتہ طبقہ مخالفت کر رہا ہے مگر خوش کن اثر ہو رہا ہے۔

بو سے تین میل پر ایک گاؤں "مترو" میں لجنہ کا ایک وفد تبلیغ کے لئے گیا تو وہاں کی عورتوں اور مردوں نے بھی بڑی دلچسپی سے ہماری باتوں کو سنا اور گاؤں کی عورتوں نے ہماری بہنوں کو کہا۔ آپ جمعہ کے روز آئیں اور ہم آپ کی باتیں بڑے شوق سے سننے کے لئے تیار ہیں اور ہم گاؤں کی ساری عورتوں کو جمع کر رکھیں گی۔ چنانچہ جمعہ کے روز ہماری بہنیں انشاء اللہ وہاں جائیں گی۔

چندہ عام اور چندہ لجنہ اماء اللہ میں نسبتاً پہلے سے زیادتی ہے بہنیں اس میں باقاعدہ ہیں۔ لجنہ کے ایک وفد نے عرصہ زیر رپورٹ میں بو گورنمنٹ ہسپتال کی گیارہ نرسوں اور کارکنوں کو سلسلہ کا مفت لٹریچر تقسیم کیا اور بعض کے پاس فروخت کرکے انہیں تبلیغ بھی کی گئی۔

### رئیس التبلیغ مغربی افریقہ کی خدمت میں لجنہ کی طرف سے ایڈریس

مکرم سیفی صاحب کی بو میں آمد پر لجنہ اماء اللہ اور ناصرات الاحمدیہ کی طرف سے انہیں خوش آمدید کہنے کے لئے ایک خاص جلسہ کیا گیا جس میں لجنہ اور ناصرات الاحمدیہ کی ممبرات کافی تعداد میں حاضر تھیں۔ لجنہ کی طرف سے انہیں ایڈریس پیش کیا گیا۔ اور ناصرات نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تین عربی نظمیں زبانی گا کر سنائیں جس کے جواب میں مکرم سیفی صاحب نے لجنہ اماء اللہ کا شکریہ ادا کیا۔ اور انہیں ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلاتے ہوئے ایک پر از معلومات اور نصائح آمیز تقریر کی۔ اور ناصرات الاحمدیہ کی حوصلہ افزائی فرماتے ہوئے کچھ نقدی بطور انعام دی اور آخر میں شکریہ اور دعا پر جلسہ ختم ہوا۔

### نومبائعین

عرصہ زیر رپورٹ میں خدا تعالیٰ کے فضل

---

### کلمات طیبات سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام

## آسمانی نور سے فائدہ اٹھانے کیلئے تیار ہوجاؤ

پاک عقل آسمان سے آتی ہے! ور اپنے ہمراہ ایک نور لاتی ہے لیکن وہ جوہر قابل کی تلاش میں رہتی ہے۔ اس پاک سلسلہ کا ...... وہی قانون ...... ہے جو ہم آسمانی قانون میں دیکھتے ہیں۔ بارش آسمان سے پڑتی ہے۔ لیکن کوئی جگہ اس بارش سے گلزار ہوتی ہے اور کہیں کانٹے اور جھاڑیاں ہی اگتی ہیں! ور کہیں وہی قطرہ بارش سمندر کی تہہ میں جاکر ایک گوہر شاہوار بنتا ہے بقول کسے ؎ در باغ لالہ روئد ودر شورہ بوم خس اگر زمین قابل نہیں ہوتی تو بارش کا کچھ بھی فائدہ نہیں پہنچتا۔ بلکہ الٹا ضرر اور نقصان ہوتا ہے۔ اسی لئے آسمانی نور اترا ہے۔ اور وہ دلوں کو روشن کرنا چاہتا ہے اسکے قبول کرنے اور اس سے فائدہ اٹھانے کو تیار ہوجاؤ تا ایسا نہ ہو کہ بارش کی طرح کہ جو زمین جوہر قابل نہیں رکھتی۔ وہ اسکو ضائع کردیتی ہے۔ تم بھی باوجود نور کی موجودگی کے تاریکی میں چلو اور ٹھوکر کھا کر اندھے کوئیں میں گر کر ہلاک ہوجاؤ۔ اللہ تعالیٰ ماں سے بھی بڑھ کر مہربان ہے۔ وہ نہیں چاہتا کہ اسکی مخلوق ضائع ہو۔ وہ ہدایت اور روشنی کی راہیں تم پر کھولتا ہے۔ مگر تم ان پہ قدم مارنے کے لئے عقل اور تزکیہ نفوس سے کام لو۔ جیسے زمین کہ جب تک ہل چلا کر تیار نہیں کی جاتی تخم ریزی اس میں نہیں ہوتی۔ اسی طرح جب تک مجاہدہ اور ریاضت سے تزکیہ نفوس نہیں ہوتا۔ پاک عقل آسمان سے اتر نہیں سکتی

(ملفوظات صہ ۶۹)

# پروگرام جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ ۱۹۵۸ء

## پہلا دن ۲۶ دسمبر ۱۹۵۸ء (بروز جمعہ)

### پہلا اجلاس

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵ — ۹ تا ۴۵ — ۹ | تلاوت قرآن کریم و نظم | |
| ۴۵ — ۹ ؍ ۱۵ — ۱۰ | افتتاحی تقریر | سیدنا حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ تعالےٰ |
| ۱۵ — ۱۰ ؍ ۰ — ۱۱ | ذکر حبیب | حضرت مرزا شریف احمد صاحب ۔ ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد |
| ۰ — ۱۱ ؍ ۴۵ — ۱۱ | مذہبی رواداری | صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب ایم اے پرنسپل تعلیم الاسلام کالج |
| ۴۵ — ۱۱ ؍ ۰ — ۱ | تیاری نماز | |
| ۰ — ۱ ؍ ۴۵ — ۱ | نماز جمعہ و عصر | |

### دوسرا اجلاس

| | | |
|---|---|---|
| ۴۵ — ۱ تا ۰ — ۲ | تلاوت قرآن کریم و نظم | |
| ۰ — ۲ ؍ ۴۵ — ۲ | حضرت مسیح علیہ السلام کا مقام | جناب قاضی محمد نذیر صاحب لائل پوری |
| ۴۵ — ۲ ؍ ۳۰ — ۳ | تبلیغ اسلام بیرونی ممالک میں | جناب شیخ مبارک احمد صاحب رئیس التبلیغ مشرقی افریقہ |

## دوسرا دن ۲۷ دسمبر ۱۹۵۸ء (بروز ہفتہ)

### پہلا اجلاس

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵ — ۹ تا ۴۵ — ۹ | تلاوت قرآن کریم و نظم | |
| ۴۵ — ۹ ؍ ۱۵ — ۱۰ | معجزات حضرت مسیح موعود علیہ السلام | جناب میاں عطاء اللہ صاحب ایڈووکیٹ |
| ۱۵ — ۱۰ ؍ ۰ — ۱۱ | نبیوں کا سردار | جناب مولانا جلال الدین صاحب شمس سابق مبلغ بلاد عربیہ و انگلستان |
| ۰ — ۱۱ ؍ ۵ — ۱۱ | وقفہ برائے اعلانات | |
| ۵ — ۱۱ ؍ ۵۰ — ۱۱ | اسلامی معاشرہ | جناب چوہدری عبد اللہ خاں صاحب کراچی |
| ۵۰ — ۱۱ ؍ ۰ — ۱ | تیاری نماز | |
| ۰ — ۱ ؍ ۴۵ — ۱ | نماز ظہر و عصر | |

### دوسرا اجلاس

| | | |
|---|---|---|
| ۴۵ — ۱ تا ۰ — ۲ | تلاوت قرآن کریم و نظم | |
| ۲ بجے سے | تقریر سیدنا حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز | |

## تیسرا دن ۲۸ دسمبر ۱۹۵۸ء (بروز اتوار)

### پہلا اجلاس

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵ — ۹ تا ۳۰ — ۹ | تلاوت قرآن کریم و نظم | |
| ۳۰ — ۹ ؍ ۵ — ۱۰ | زندہ مذہب اسلام | جناب پروفیسر قاضی محمد اسلم صاحب ایم اے صدر شعبہ نفسیات کراچی یونیورسٹی |
| ۵ — ۱۰ ؍ ۵ — ۱۱ | احمدیت کا اثر عالم اسلامی پر | جناب چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب نائب صدر عالمی عدالت ہیگ |
| ۵ — ۱۱ ؍ ۱۰ — ۱۱ | وقفہ برائے اعلانات | |
| ۱۰ — ۱۱ ؍ ۵۵ — ۱۱ | مقام سنت و حدیث | جناب مولانا ابو العطاء صاحب سابق مبلغ بلاد عربیہ |
| ۵۵ — ۱۱ ؍ ۰ — ۱ | تیاری نماز | |
| ۰ — ۱ ؍ ۴۵ — ۱ | نماز ظہر و عصر | |

### دوسرا اجلاس

| | | |
|---|---|---|
| ۴۵ — ۱ ؍ ۰ — ۲ | تلاوت قرآن کریم و نظم | |
| ۲ بجے سے | تقریر سیدنا حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز | |

نوٹ :۔ جلسہ نظارت اصلاح و ارشاد اور صدر انجمن احمدیہ ربوہ کے زیر اہتمام پرائیویٹ احاطہ میں منعقد ہو رہا ہے اس کے انتظام کا ہر طرح ناظر اصلاح و ارشاد کو اختیار ہوگا۔ کسی صاحب کو جلسہ میں بولنے یا سوال کرنے کی اجازت نہ ہو گی۔ تقاریر پر اگر کسی کے دل میں کوئی سوال پیدا ہو تو جواب کے لئے جلسہ کے اوقات کے بعد نظارت اصلاح و ارشاد میں انتظام ہوگا۔ جہاں سلسلہ کے علماء موجود ہوں گے۔ جو سوالات کے جواب دیں گے ۔ خواہشمند احباب وہاں تشریف لے جائیں۔

(ناظر اصلاح و ارشاد صدر انجمن احمدیہ ربوہ)

---

سے ۱۸ افراد بیعت کر کے مشرف باسلام ہوئے اور ان کی بیعتیں بغرض منظوری حضرت اقدس امیرالمومنین ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں ارسال کی گئیں۔

احباب کرام دعا فرمائیں کہ اللہ تعالےٰ انہیں استقامت اور اخلاص عطا فرمائے

آخر میں جملہ مبلغین کے لئے دعا کی درخواست ہے کہ خدا تعالےٰ ہمیں اس ملک میں جلد احمدیت کا علم بلند کرنے کی توفیق عطا کرے اور جو مشکلات اس راستے میں حائل ہیں۔ انہیں اپنے فضل و کرم سے دور کر دے۔ آمین یا رب العٰلمین۔


## غلط فہمیاں

غیر مسلم اقوام میں اسلام سے متعلق بہت سی غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں۔ جو انہیں اسلام سے دور کرنے کا باعث بن رہی ہیں۔

آپ اخبار الفضل ان تک پہنچا کر ان کی جملہ غلط فہمیاں دور کرنے کا سامان کر سکتے ہیں اور انہیں اسلام کے قریب لا سکتے ہیں۔

(منیجر الفضل)


## زکوٰۃ

کی ادائیگی اموال کو بڑھاتی اور تزکیہ نفس کرتی ہے

# روزانہ زندگی کے حادثات

آپ نے سنا ہوگا اور مشاہدہ بھی کیا ہوگا کہ دنیا میں بے شمار حادثات صرف انسان کی ذراسی غفلت کی وجہ سے رونما ہوتے ہیں۔ اچانک کسی چٹان کا ٹوٹ کر گر جانا طوفانِ بادوباراں سیلاب کی تباہی کسی بڑے پل یا مکان کی چھت کا ایک دم بیٹھ جانا۔ ریل گاڑیوں کے تصادم یا اس قسم کے دوسرے حادثات کے متعلق کہا جاسکتا ہے کہ وہ نادیدہ حالات یا کسی اچانک مشینی خرابی کے باعث بھی ہو سکتے ہیں۔ اور ان میں انسان کا بس نہیں لیکن ایسے حالات سے بھی دنیا میں بے شمار جانی و مالی نقصان ہوتا رہتا ہے جو انسان کی ذراسی سہل انگاری یا بے توجہی کے سبب وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ اس قسم کے حادثات پر بعض اوقات اس قدر پچھتانا پڑتا ہے کہ مدت العمر تلافی کی صورت نظر نہیں آتی۔ ہماری روزانہ کی زندگی میں کسی کا کوٹھے سے گر جانا۔ آگ سے جل جانا۔ بھول میں زہر کھا لینا۔ گھریلو بجلی کے ننگے تاروں سے چھو کر جاں بحق ہو جانا ایسے حادثات ہیں جو کسی بھی گھر میں ذراسی غفلت یا جلدی کی وجہ سے رونما ہوسکتے ہیں اور ہوتے ہیں۔

## گرنے کے حادثات

گھروں کے حادثات میں سب سے زیادہ گرنے کے واقعات ہوتے ہیں۔ بچے اور نوجوان تو خیر اس وجہ سے ذرا جھیل جاتے ہیں کہ ان کی ہڈیوں اور اعصاب میں قوت نمو باقی ہوتی ہے۔ لیکن نسبتاً عمر رسیدہ افراد اکثر مستقل جسمانی نقص کا شکار ہو جاتے ہیں۔ گرنے کا سبب عموماً فرش کا پھسلواں ہونا۔ زینے کی تاریکی اور ایسی ہی دوسری تنگ جگہوں یا راستوں میں روشنی کا نہ ہونا ہوتا ہے۔ غسل خانوں میں صابن اور تیل وغیرہ کے استعمال سے فرش چکنا ہو جاتا ہے۔ اور بے خبری میں پاؤں ایسا پھسلتا ہے کہ آدمی بے اختیار ہو کر گرتا ہے۔ اندھیرے میں زینے کی سیڑھیاں پوری طرح نظر نہیں آتیں۔ پاؤں کہیں کا کہیں جا پڑتا ہے۔ اور کولہے یا بازو کی ہڈی پر چوٹ لگنے سے ٹانگ یا بازو میں نقص آجاتا ہے۔ متعدد بار گھر کی عورتیں یا مائیں کسی ناگہانی آفات کا موجب ہو جاتی ہیں۔ مثلاً کسی بوسیدہ کرسی پر چڑھ کر چھت کا لیمپ درست کرنے لگتی ہیں۔ یا کمزور ٹانگوں والے اسٹول کو میز پر رکھ کر کوئی ایسا ہی کام کرنے لگتی ہیں جس گھر میں بچے ہوں وہاں اگر ان کی بکھری ہوئی چیزیں یا کھلونے یونہی ادھر ادھر پڑے رہیں تو کبھی کبھی اچھی خاصی دقت کا موجب ہوتے ہیں۔

## آتش زدگی

گر کر چوٹ لگنے کے حادثات کے بعد آگ لگنے کے واقعات کا نمبر ہے۔ بچے دیا سلائی سے کھیل رہے ہیں اور دامن میں آگ لگنے یا جلتی ہوئی دیا سلائی کو قریب پڑے ہوئے کپڑوں پر پھینک دینے سے سارے گھر میں آگ لگ سکتی ہے۔ آتش بازی چلانا بچوں کا ایک ناپسندیدہ شغل ہے اور شاید ہی کوئی شخص ایسا ہو جس نے آتش بازی سے آگ لگ جانے کا واقعہ نہ سنا۔ آگ لگنے کی ایک اور وجہ جو عموماً سننے میں آتی ہے یہ ہے کہ سگریٹ یا حقہ پینے والے بعض لوگ بے احتیاطی کرتے ہیں۔ جلتا ہوا سگریٹ گرنے سے یا حقہ کی چلم پر نیند میں ہاتھ یا پاؤں جا پڑنے سے بستر یا فرش کو آگ لگ جاتی ہے اور بھاری نقصان ہو جاتا ہے

ایک اور وجہ آگ سے نقصان اٹھانے کی یہ بھی ہے کہ پاکستانی گھروں میں کھانے پکانے کے لئے جو چولہے استعمال ہوتے ہیں وہ کھلے ہوتے ہیں اور ان میں کوئلے کی بجائے لکڑیاں جلائی جاتی ہیں۔ چنانچہ بعض اوقات چولہے پر کام کرتے والی عورت کا دوپٹہ یا کرتے کا دامن بھڑکتے ہوئے شعلے سے جل اٹھتا ہے اور بھاری حادثے کا باعث ہوتا ہے۔ اسی طرح گھروں میں آگ لگنے کے واقعات کی ایک اور وجہ آجکل یہ بھی ہوگئی ہے کہ بجلی کے تاروں کو لگانے یا استعمال کرنے میں غفلت برتی جاتی ہے اس زمانے میں انسان نے جس چیز سے سب زیادہ فائدہ اٹھایا ہے وہ برقی قوت ہے لیکن یہی قوت جو ہمیں طرح طرح کی سہولتیں اور آسائشیں مہیا کرتی ہے۔ ہماری بے توجہی کے باعث تباہی کا سبب بن جاتی ہے۔

## زہر خوری

گھروں میں چھوٹی موٹی بیماریوں یا چوٹ وغیرہ کے لئے کئی قسم کی دوائیں رکھی رہتی ہیں۔ ایسا بھی ہوتا ہے کہ خاص ضروریات کے لئے بہت سی زہریلی دوائیں مثلاً فنائل فلٹ۔ سوڈا کاسٹک وغیرہ بھی گھروں میں موجود ہوتی ہیں۔ بچے اکثر انہیں کھا جاتے یا رگڑ کر جسم پر لگا لیتے ہیں۔ بیرک یا تیزاب وغیرہ جسم پر انڈیل لیتے ہیں۔ اور گھر والوں کی بے توجہی کے سبب یا تو جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں یا سخت جسمانی تکلیف میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ یاد رکھنا چاہیے کہ بچوں کے لئے نہ صرف مخصوص زہریلی دوائیں یا مرکبات ہی نقصان رساں ہو سکتے ہیں بلکہ روزانہ کے استعمال کی عام ادویہ میں بھی ایسے اجزاء ہوتے ہیں جو بچوں کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ خواب آور گولیاں۔ فولاد یا پوٹے وغیرہ کی آمیزش سے بنے ہوئے مرکبات۔ افیون اور دیگر منشیات سے تیار شدہ دوائیں بچوں کے لئے مضر ہوتی ہیں۔

## احتیاط کی ضرورت

مندرجہ بالا سطور سے ظاہر ہو گیا ہوگا کہ ہماری روزانہ زندگی قدم قدم پر خطرات سے پُر ہے اور یہ باتیں ایسی ہیں جن کی طرف اکثر ہماری توجہ نہیں جاتی۔ ذراسی غفلت برتنے سے بڑے ہولناک نتائج برآمد ہوسکتے ہیں۔ لہٰذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ذیل میں وہ احتیاطی تدابیر درج کر دی جائیں جنہیں اختیار کرنے سے ان خطرات کا سدباب ہو سکتا ہے۔

## گرنے کے متعلق

۱۔ کمروں یا برآمدوں کے پختہ فرش پر بے تحاشا دوڑنے سے پرہیز کیا جائے۔ خصوصاً جوتا پہنے ہوئے بے احتیاطی سے فرش پر نہیں چلنا چاہیئے۔

۲۔ جہاں کمروں یا برآمدوں میں چٹائیاں یا ڈول وغیرہ بچھائی جاتی ہوں وہاں کے فرش کو پالش نہیں کرانا چاہیئے۔

۳۔ غسل خانوں یا باورچی خانوں کے فرش کی چکناہٹ کا صاف کرنا ضروری ہے۔ وہاں بھی فرش کو پالش کرانا درست نہیں

۴۔ گھروں میں بکھری ہوئی چیزیں یا بچوں کے کھلونے اٹھا کر مناسب جگہ رکھ دینے چاہئیں

۵۔ رات کے وقت زینوں اور تاریک راستوں میں روشنی مہیا کرنا ضروری ہے۔ مزید احتیاط کے لئے لازم ہے کہ سیڑھیوں کے کناروں پر سفید یا کسی مناسب رنگ سے دھاریاں بنا دی جائیں کہ سیڑھی کی چوڑائی آسانی سے نظر آسکے۔

۶۔ مکان کی کھڑکیاں خصوصاً بالائی منزلوں کی کھڑکیاں حفاظتی جنگلوں کے بغیر نہ ہوں۔

۷۔ زینے میں ٹوٹی ہوئی سیڑھی کی فوراً مرمت کرا لینی چاہیئے۔

۸۔ ہر کام کے لئے جملہ ظاہری و امکانی خطرات کے سدباب کا انتظام کر لینے میں کوئی حرج نہیں۔

## آتش زدگی

۱۔ بچوں کو ماچس سے نہ کھیلنے دیں۔ آتش بازی چلانے میں بہرحال نقصان کا امکان ہے۔ ایسا کھیل کھیلا ہی کیوں جائے جس سے ضرر پہنچ سکتا ہو۔

۲۔ چولہے پر کام کرنے والی خواتین باورچی خانے کی مصروفیت کے وقت ایسا لباس نہ پہنیں جو کھلا اور ڈھیلا ڈھالا ہو۔ دوپٹہ اور لمبے دامن کا قمیص کسی وقت بھی بے خبری کے عالم میں آگ تک جاسکتا ہے

(۳) چولہے کے قریب ایسی اشیاء نہ رکھی جائیں مثلاً مٹی کا تیل، پیٹرول یا سپرٹ وغیرہ

(۴) گھر میں لگے ہوئے بجلی کے تار مناسب طریق پر ڈھکے ہوئے ہوں۔ اگر ٹیبل لیمپ یا میز کے پنکھے کے پوائنٹس کھلے ہوں تو ان پر کپڑا وغیرہ لگا دینا چاہیئے۔ تاکہ ان پر انگلی وغیرہ نہ لگ سکے۔ مکان میں بجلی کی فٹنگ کسی ماہر سے کرانا ضروری ہے۔

(۵) گھر میں بجلی کی استری وغیرہ استعمال کرتے ہوئے اسے ویسے ہی چھوڑ کر ادھر ادھر نہیں جانا چاہیئے۔ ورنہ کوئی بچہ اس کے استعمال کی کوشش کر سکتا ہے۔

(۶) گیلے ہاتھوں سے بجلی کے سوئچ کو چھونا یا کسی تار کو چھیڑنا درست نہیں۔

## زہر

۱۔ گھر میں دواؤں کے رکھنے کی خاص جگہ ہونی چاہیئے۔ جہاں بچے نہ پہنچ سکیں۔

۲۔ زہریلی اور نشہ آور دواؤں پر صاف الفاظ میں لکھے ہوئے لیبل لگا دیئے جائیں۔ اندھیرے میں دوا استعمال کرنا خطرے سے خالی نہیں۔

۳۔ خیال رکھنا چاہیئے کہ زہریلی چیزیں یا دوائیں مقفل الماری میں یا صندوق میں رکھی جائیں۔

۴۔ سردی کے موسم میں انگیٹھی وغیرہ ایسے کمرے میں نہ چھوڑی جائے جس میں ہوا کی آمدورفت نہ ہو۔ کوئلہ جلنے سے زہریلی گیس نکلتی ہے۔ جو بند کمرے میں اپنا اثر فوراً دکھاتی ہے۔

علاوہ ازیں (۱) پتنگ بازی ہمارے ہاں ایک شغل ہے۔ لیکن یہ شغل متعدد بار مہلک ثابت ہوتا ہے۔ اور اسی قابل ہے کہ اس سے کلی اجتناب کیا جائے۔

(۲) آتش بازی چلانا از حد مذموم کام ہے اور ہر سال اس سلسلے میں کئی مہلک حادثات سننے میں آتے ہیں۔ اس قسم کے اشغال سے پرہیز ضروری ہے۔

یاد رکھنا چاہیئے کہ مذکورہ تمام خطرات کے متعلق یہ سوچنا غلط ہے کہ وہ ہمارے ہاں موجود نہیں۔ غلطی اور بھول ہر انسان سے ہوسکتی ہے اور ہم سب انسان ہیں (ماخوذ)

# چندہ جلسہ سالانہ کے لئے

## ماہِ دسمبر میں خصوصی جدّوجہد کی جائے

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ارشاد فرمایا ہے کہ دوست زیادہ سے زیادہ تعداد میں جلسہ سالانہ میں شامل ہوں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ جلسہ سالانہ کے لئے زیادہ خرچ کی ضرورت ہوگی لیکن سال رواں کے لئے جلسہ سالانہ کا جو بجٹ رکھا گیا تھا۔ ابھی تک اس میں ۲۰٪ رقم وصول ہوئی ہے۔ بے شک ماہ نومبر کی وصول شدہ رقوم ابھی تک نہیں پہنچیں۔ لیکن اس وقت تک جو وصولی کی رفتار رہی ہے۔ اس کی بنا پر نظارت بیت المال کے نزدیک ضروری ہے کہ ماہ دسمبر میں چندہ جلسہ سالانہ کی وصولی کے لئے خصوصی جدوجہد کی جائے۔ ورنہ خدشہ ہے کہ بعض جماعتیں اخیر سال تک بھی اپنے چندہ جلسہ سالانہ کا بجٹ پورا نہیں کر سکیں گی۔ خدشہ یہ نہیں کہ خدانخواستہ جلسہ سالانہ کا خرچ پورا نہیں ہوگا۔ خرچ تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے امید ہے ضرور پورا ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس دفعہ بھی احباب جماعت کو توفیق دے گا کہ وہ بطیب خاطر اپنے اپنے حصہ کا چندہ جلسہ سالانہ ادا کر دیں خدشہ یہ ہے کہ اگر تمام جماعتیں ماہ دسمبر میں اس چندہ کی وصولی کے لئے پورا پورا انتظام نہ کریں تو بعض جماعتیں اس ثواب سے محروم رہ جائیں گی حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ ۱۹ر ستمبر مطبوعہ اخبار الفضل مورخہ ۹ر اکتوبر ۱۹۵۸ء میں فرمایا ہے کہ

"اسی طرح میں ربوہ والوں کو نصیحت کرتا ہوں کہ جلسہ سالانہ پر آنے والے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مہمان ہیں۔ اگر وہ انکی مہمان نوازی نہیں کریں گے۔ تو وہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا موجب بنیں گے۔ ان کے کھانے پر جس قدر خرچ ہوتا ہے وہ تو خود اپنے چندہ کے ذریعہ بھجوا دیتے ہیں۔ ربوہ والوں کا کام صرف اتنا ہی رہ جاتا ہے کہ ان کی خدمت کریں۔"

پس جو جماعتیں چندہ جلسہ سالانہ کی طرف سے لاپرواہی اختیار کرتی ہیں۔ انہیں سنجیدگی سے غور کرنا چاہیئے کہ وہ مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مہمانوں کی خدمت کرنے میں کوتاہی کر کے کہیں اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا مورد تو نہیں بن جائیں گی۔ لہٰذا میں تمام جماعتوں کے احباب سے التماس کرتا ہوں کہ وہ اپنی اپنی جماعتوں کے چندہ جلسہ سالانہ کی وصولی کا جائزہ لیں اور اگر ابھی تک خاطر خواہ وصولی نہ ہو چکی ہو تو اب اس کمی کو پورا کرنے کے لئے اپنے عہدہ داروں کا ہاتھ بٹائیں۔ تا اس طرح کل کی کل تمام جماعتیں اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کر لیں۔ آمین

(ناظر بیت المال ربوہ)

---

# جلسہ سالانہ میں مہمان نوازی کیلئے والنٹیئر

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ فرمودہ ۱۹ر ستمبر ۱۹۵۸ء میں فرماتے ہیں۔ ابھی ربوہ کی آبادی اتنی نہیں کہ تمام والنٹیئرز صرف ربوہ سے ہی میسر آسکیں۔ اس لئے تمام جماعتوں کا فرض ہے کہ وہ اپنی جماعت کے افراد میں سے ۲۵ فیصدی افراد کو والنٹیئرز کے طور پر پیش کریں اور جلسہ سالانہ سے پہلے ہی انصار اللہ اور خدام الاحمدیہ کے دفاتر میں انکے نام بھجوا دیں اور جب جلسہ سالانہ پر وہ لوگ پہنچیں تو آتے ہی ان لوگوں کو انصار اللہ اور خدام کے منتظمین کے سپرد کر دیں تاکہ وہ ربوہ والوں کے ساتھ مل کر آنیوالے مہمانوں کی خدمت کر سکیں۔

زعماء انصار اللہ سے گذارش ہے کہ وہ حضور کے اس ارشاد کی تعمیل میں نام دفتر مرکزیہ انصار اللہ میں بھجوا دیں۔

(قائد عمومی انصار اللہ مرکزیہ ــــــ ربوہ)

---

# والنٹیئرز کہاں اپنے آپکو پیش کریں؟

سیّدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ ۱۹ر ستمبر پر لبیک کہتے ہوئے جن احباب نے جلسہ سالانہ کے ایام میں مہمانوں کی خدمت کرنے کے لئے اپنے آپ کو بطور والنٹیئرز پیش کیا ہے اور اپنے نام نائب صدر مجلس انصار اللہ یا نائب صدر خدام الاحمدیہ کو بھجوائے ہیں ان کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ وہ ربوہ پہنچنے پر مکرم پروفیسر صوفی بشارت الرحمٰن صاحب منتظم معاونین کو ذیل کے اوقات میں مل لیں۔ وہ تمام والنٹیئرز کو ڈیوٹی سپرد کریں گے۔

منتظم معاونین جلسہ سالانہ کا دفتر انصار اللہ مرکزیہ کے ہال میں ہوگا اور اوقات ملاقات حسب ذیل ہوں گے۔

| | |
|---|---|
| ۲۴ دسمبر | ۳ بجے بعد دوپہر سے ۴ بجے بعد دوپہر تک |
| ۲۵ دسمبر | ۳ بجے بعد دوپہر سے ۴ بجے بعد دوپہر تک |
| ۲۶ دسمبر | ۸ بجے صبح سے ۹ بجے صبح تک |

(افسر جلسہ سالانہ)

---

# صدقۂ جاریہ

محترم جناب صوبیدار ڈاکٹر لعل محمد صاحب نے اپنی صاحبزادی مرحومہ منظور النساء صاحبہ کے حسب ذیل زیورات۔ رسٹ واچ طلائی۔ ہار گلوبند۔ کانٹے۔ بالیاں۔ سونے کے کڑے اور مبلغ ۱۸۰/- روپے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی خدمت میں پیش کئے۔ زیورات کی فروختگی سے ۱۲/۶/۲۲۲ روپیہ کی رقم موصول ہوئی۔ حضور پُرنور نے ارشاد فرمایا کہ یہ سب رقم اور زیور تحریک جدید کے اشاعت اسلام فنڈ میں جمع کرا دیا جائے۔" وکالت مال نے تعمیل ارشاد کرتے ہوئے متعلقہ مد میں رقم مذکورہ داخل خزانہ کروا دی ہے

تمام بزرگان سلسلہ و صحابہ کرام سے درخواست ہے کہ دعا فرما دیں۔ اللہ تعالیٰ محترم ڈاکٹر صاحب کو جزاء خیر عطا فرماوے اور ان کی مرحومہ و مغفورہ صاحبزادی کے درجات بلند فرماوے۔ اور اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔ اور اس قربانی کو قبول فرماتے ہوئے انہیں صدقہ جاریہ کا ثواب عطا فرماوے۔

(وکیل المال تحریک جدید)

---

# درخواست ہائے دعا

خاکسار عرصہ دراز سے سخت پریشانیوں میں مبتلا ہے۔ بزرگان سلسلہ اور درویشان قادیان سے دعا کی درخواست ہے۔

(خاکسار نور احمد چک ۲۳ جیڈی الف۔ ضلع منٹگمری)

۲۔ میری والدہ صاحبہ بوجہ پیچش اور دیگر عوارض کے کافی دنوں سے بیمار ہیں۔ بزرگان سلسلہ و درویشان قادیان سے دعا کی درخواست ہے۔ (منور احمد از ملوکے)

# تصدیق شدہ دعاوی کی بنیاد پر زرعی اراضی کی الاٹمنٹ

## ٹائپ شدہ یا ہاتھ سے لکھی ہوئی درخواستیں قبول کی جائیں گی

لاہور ۱۰ر دسمبر ایک سرکاری اطلاع مظہر ہے کہ رجسٹریشن آف کلیمز (بے خانماں افراد) ایکٹ مجریہ ۱۹۵۶ء کے گوشوارہ پنجم کے تحت ۲۷ نومبر ۵۸ء کو بھی زرعی اراضی کے تصدیق شدہ دعاوی کے دعویداروں سے کہا گیا تھا کہ وہ سیٹلمنٹ (ری ہیبلی ٹیشن) سٹلمنٹ سکیم کے تحت اراضی کی الاٹمنٹ کے لئے مجوزہ فارم پر درخواست . . . . . .

مذکورہ سکیم کے تحت اراضی کی الاٹمنٹ اسی حساب اور اسی طریقے سے ہوگی جو مشرقی پنجاب کے دعویداروں کے سلسلہ میں اختیار کیا گیا ہے۔ درخواست کا نمونہ درج ذیل ہے۔ ہر متعلقہ ضلع کے ہر ڈپٹی ری ہیبلی ٹیشن کمشنر کے دفتر کے باہر چسپاں کرنے کے احکام بھی جاری کئے جا رہے ہیں۔ چونکہ درخواستوں کے مجوزہ فارم سرکاری طور پر چھپوانے میں تاخیر کا اندیشہ ہے اس لئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ ٹائپ یا ہاتھ سے لکھی ہوئی درخواستیں قبول کر لی جائیں۔ درخواستوں کے ہمراہ ضروری دستاویزات بھی ہونی چاہئیں۔

مجوزہ فارم کی نقل درج ذیل ہے:۔

### فارم کیو پی آر I

درخواست الاٹمنٹ اراضی شیڈول کے مطابق سیٹلمنٹ رول سکیم برائے ویسٹ پاکستان ری ہیبلی ٹیشن سٹلمنٹ سکیم۔

| نمبر | کوائف | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | نام درخواست دہندہ مع ولدیت و قومیت و موجودہ پتہ | | |
| ۲ | بصورت فوتیدگی اصل دعویدار (ا) اس کا نام ولدیت و قومیت (ب) اگر متوفی کے دیگر وارثان بھی ہوں تو ان کے نام مع ولدیت و قومیت و موجودہ پتے درج کئے جائیں۔ | | |
| ۳ | (ا) مقام (جہاں کلیم رجسٹر ہوا) مع تاریخ و نمبر رجسٹریشن (ب) تاریخ فیصلہ معہ نام و عہدہ حاکم فیصلہ کنندہ۔ نوٹ: نقل فیصلہ مصدقہ کلیم افسر / ڈپٹی کلیم افسر شامل کی جائے | | |
| ۴ | I زمینداری<br>(الف) سیر و خودکاشت<br>(۱) زیر رہن<br>(۲) بلا رہن<br>(ب) غیر سیر<br>(i) زیر حقداران قبضہ مستقل<br>(۱) زیر رہن<br>(۲) بلا رہن<br>(ii) زیر شرح معینی آسامیاں<br>(۱) زیر رہن<br>(۲) بلا رہن<br>(iii) زیر آسامیان جو خاص شرائط پر اراضی رکھتے تھے<br>(۱) زیر رہن<br>(۲) بلا رہن<br>(iv) زیر ساقط الملکیت آسامیاں<br>(۱) زیر رہن<br>(۲) بلا رہن<br>زیر دخیلکار آسامیاں<br>(۱) زیر رہن<br>(۲) بلا رہن<br>(vi) زیر موروثی آسامیاں<br>(۱) زیر رہن<br>(۲) بلا رہن<br>II - (الف) ملکیت اعلیٰ<br>(۱) زیر رہن<br>(۲) بلا رہن<br>(ب) ملکیت ادنیٰ<br>(۱) زیر رہن<br>(۲) بلا رہن<br>III مزارعان<br>(i) حقداران قبضہ مستقل<br>(۱) زیر رہن<br>(۲) بلا رہن<br>(ii) شرح معین آسامیاں<br>(۱) زیر رہن<br>(۲) بلا رہن<br>(iii) آسامیان جو خاص شرائط پر اراضی رکھتے تھے<br>(۱) زیر رہن<br>(۲) بلا رہن<br>(iv) ساقط الملکیت آسامیاں<br>(۱) زیر رہن<br>(۲) بلا رہن<br>(v) دخیلکار آسامیاں<br>(۱) زیر رہن<br>(۲) بلا رہن<br>(vi) موروثی آسامیاں<br>(۱) زیر رہن<br>(۲) بلا رہن | تفصیل حقوق رقبہ دمقبول تصدیق شدہ رقبہ مع اقسام اراضی<br>نہری چاہی سیلابی بارانی وغیرہ وغیرہ | کی وضاحت میزان کے ساتھ |
| ۵ | بصورت عارضی الاٹمنٹ اگر پاکستان میں کسی مقام پر حاصل کی گئی ہو نام موضع، تحصیل و ضلع جہاں الاٹمنٹ حاصل کی گئی ہے معہ رقبہ و نمبر سرٹیفکیٹ آئی۔ آر۔ فری جاری کردہ سنٹرل ریکارڈ آفس | | |
| ۶ | اگر متروکہ اراضی واقعہ پنجاب (انڈیا) یا ریاستہائے پنجاب (انڈیا)، صوبہ دہلی و ریاستہائے الور، بھرتپور، بیکانیر کے عوض ویسٹ پاکستان ری ہیبلی ٹیشن سیٹلمنٹ سکیم کے تحت اراضی کی الاٹمنٹ ہوئی ہو تو اس کے متعلق مندرجہ ذیل کوائف درج کئے جائیں:۔<br>(ا) کل رقبہ متروکہ تصدیق شدہ یونٹ<br>(ب) کل رقبہ جس کی الاٹمنٹ ہوئی ہو معہ تعداد یونٹ معہ نام موضع یا مواضعات تحصیل و ضلع | | |
| ۷ | نام ضلع جہاں الاٹمنٹ مطلوب ہو (ماسوا منٹگمری آباد اضلاع لائلپور، منٹگمری، کالونی ایریا ضلع شاہپور، مردان، پشاور اور رحیم یار خاں (ماسوا تحصیل صادق آباد) اضلاع گوجرانوالہ، سیالکوٹ، گجرات، جہلم، راولپنڈی، اٹک | | |

### حلف نامہ

میں . . . . . . ولد . . . . . . حلفاً بیان کرتا ہوں کہ مندرجہ بالا کوائف میرے ذاتی علم و یقین کے مطابق درست ہیں۔ میں نے کوئی امر غلط تحریر نہیں کیا۔ اور نہ ہی کسی قسم کا اخفا کیا ہے

تاریخ    مقام    دستخط / نشان انگوٹھا درخواست دہندہ

تصدیق مجسٹریٹ

اوتھ کمشنر

**نوٹ:۔**

(۱) اس درخواست کے ہمراہ مرہونہ رقبہ کے متعلق گوشوارہ Q.P.R.IA اور گوشوارہ QPR IB شامل ہونے ضروری ہیں۔

(۲) متوفی شخص کی وراثت سے متعلقہ دعویٰ کی صورت میں درخواست کے ہمراہ سرٹیفکیٹ جانشینی مجریہ عدالت مجاز شامل ہوگا۔ بشرطیکہ اس بارہ میں نقل فیصلہ مشمولہ میں درخواست دہندہ کے متعلق اس کی وضاحت موجود نہ ہو۔

(۳) اگر درخواست نابالغ یا فاتر العقل شخص کی طرف سے ہو تو اس کے ہمراہ قانونی گارڈین ہونے کا سرٹیفکیٹ عدالت مجاز شامل کیا جائے۔

(۴) بیان حلفی کسی مجسٹریٹ یا اوتھ کمشنر یا جسٹس آف پیس یا کسی دوسرے افسر مجاز کا تصدیق شدہ ہونا چاہیے۔

### Q.P.R—IA

(جس کا حوالہ فارم Q.P.R-I کے تحت دیا گیا ہے)

| نمبر شمار | نام مرتہن دعویدار مع احوال دماسوائے مرتہن میعادی | نام راہنان مع حقوق | تعداد رقبہ زیر رہن | زر رہن | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ |

### Q.P.R—I B

(جس کا حوالہ فارم Q.P.R.I کے تحت دیا گیا ہے)

تفصیل

| نمبر شمار | نام دعویدار راہن مع احوال | نام مرتہنان | زر رہن | تعداد رقبہ زیر رہن | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|

فونٹین پن کے لئے اعلیٰ ترین سیاہی
NEW! Diamond
ڈائمنڈ انک
SUPERFLOW extra fine ink containing dx
رائل بلو۔ بلیو بلیک۔ ریڈ۔ گرین۔ بلیک
اپنے شہر کے ہر دکاندار سے طلب فرماویں
مینوفیکچررز۔ دی ڈائمنڈ پین کمپنی نیلا گنبد۔ لاہور

## اشتہار زیر دفعہ ۵ رول ضابطہ دیوانی

### بعدالت سید الطاف حسین شاہ صاحب افسر مال باختیارات A.C.I جھنگ

فک الرہن باقبضہ موضع جھنگ شمالی تحصیل جھنگ

محمد عظیم۔ محمد شریف۔ محمد لطیف۔ محمد علیم۔ محمد حبیب۔ محمد نعیم نابالغان پسران ڈاکٹر محمد کبیر کھوکھر سکنہ جھنگ شہر تحصیل جھنگ بنام کرم چند معروف شوکفی ولد ساون مل ر بسنت لال ولد جھلا رام غیر مسلم حال بھارت۔

درخواست فک الرہن کھاتہ نمبر ۴ رنمبر خسرہ ۱۱۷۵ واقعہ چاہ وال سکنہ جھنگ۔ مندرجہ بالا میں کرم چند وغیرہ فریق دوئم غیر مسلم ہیں جو کہ ترک سکونت کر کے ہندوستان چلے گئے ہیں۔ جن پر اب آسانی سے تعمیل ہونی مشکل ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مشتہر کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ ۲۶/۱۲/۵۸ صبح ۹ بجے بمقام جھنگ صدر حاضر عدالت ہو کر پیروی مقدمہ کریں۔ ورنہ بصورت عدم حاضری ان کے خلاف کارروائی یک طرفہ کی جاوے گی۔

آج مورخہ ۸/۱۲/۵۸ ثبت ہمارے دستخط اور مہر عدالت کے جاری کیا گیا۔

(مہر عدالت) (دستخط) صاحب سپیشل کلکٹر جھنگ

## اشتہار زیر دفعہ ۵ رول ضابطہ دیوانی

### بعدالت جناب افسر مال صاحب بہادر باختیارات سپیشل کلکٹر جھنگ

مقدمہ فک الرہن موضع ضانہ تحصیل جھنگ

محمد ولد وٹو سلطان۔ محمد پسران۔ احمد۔ یارا۔ ستارا۔ سردار پسران بوڑا حصہ داد نصف۔ ولی ولد اسماعیل خان رپہلوان۔ جمہ وغیرہ سکنہ موضع ضانہ تحصیل جھنگ بنام باوا ٹھاریہ چیلہ ٹھاکر قوم فقیر غیر مسلم حال بھارت۔

درخواست فک الرہن کھاتہ نمبر ۹۱/۹ تعدادی ۔ موضع ضانہ سال ۵۶-۱۹۵۵ء۔ مندرجہ بالا میں باوا ٹھاریہ فریق دوئم غیر مسلم ہے۔ جو کہ ترک سکونت کر کے ہندوستان چلا گیا ہے۔ جن پر اب آسانی سے تعمیل ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مشتہر کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ ۲۹/۱۲/۵۸ کو بوقت صبح ۹ بجے بمقام جھنگ صدر حاضر عدالت آ کر پیروی مقدمہ کرے ورنہ بصورت عدم حاضری اس کے خلاف کارروائی یکطرفہ کیجاویگی۔ آج مورخہ ۳/۱۲/۵۸ بثبت ہمارے دستخط اور مہر عدالت کے جاری کیا گیا۔

(مہر عدالت) (دستخط) صاحب سپیشل کلکٹر جھنگ

## اشتہار زیر دفعہ ۵ رول ضابطہ دیوانی

### بعدالت سید الطاف حسین شاہ صاحب افسر مال باختیارات سپیشل کلکٹر جھنگ

مقدمہ فک الرہن واقعہ موضع ماچھی تحصیل شورکوٹ

لعل خان ولد حاجی عنایت خان بلوچ میر پور تحصیل شورکوٹ۔ شیر خان ولد حیات خان بلوچ بلو تحصیل جھنگ بنام کالا ٹکایا۔ لدھا پسران جھنڈو۔ چندر بھان۔ بھگوانداس پسران راداس۔ چنن داس ولد متھو ہری کشن ولد جوندہ۔ مسماۃ آتو بائی بیوہ جوالا۔ ٹکایا ولد گوما لا۔ لکھمی داس۔ رام چند ناتھ پسران بدھو رام کنہیا لال۔ راجی داس پسران ہری چند۔ جیونداس۔ کشن چند پسران ٹکایا رام۔ بدھو ولد جندو۔ کنہیا لال راجی داس پسران ہری چند۔ غیر مسلم حال بھارت۔

درخواست فک الرہن کھاتہ نمبر ۶۰ کا ۵۳/۱۰۸ بقدر ۲۳ کنال ۳ مرلہ۔ کھاتہ نمبر ۵۶ کا ۵۳/۱۰۸ بقدر ۲ کنال ۔ کل اراضی تعدادی ۲۵ کنال ۱۳ مرلہ مطابق جمعبندی ۵۷-۱۹۵۶ء۔ مندرجہ بالا میں کالا وغیرہ فریق غیر مسلم ہیں۔ جو کہ ترک سکونت کر کے ہندوستان چلے گئے ہیں جن پر اب آسانی سے تعمیل ہونی مشکل ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مشتہر کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ ۲۶/۱۲/۵۸ کو بوقت صبح ۹ بجے بمقام جھنگ صدر حاضر عدالت آ کر پیروی مقدمہ کریں ورنہ بصورت عدم حاضری ان کے خلاف کارروائی یکطرفہ کی جاوے گی۔

آج مورخہ ۳/۱۲/۵۸ بثبت ہمارے دستخط اور مہر عدالت کے جاری کیا گیا۔

(مہر عدالت) (دستخط) صاحب سپیشل کلکٹر جھنگ

سیدنا حضرت امیر المومنین المصلح الموعود ایدہ اللہ تعالیٰ نے طبیہ عجائب گھر کے متعلق فرمایا "ان کی دوائیں بہت مقبول ہیں"۔ (الفضل ۲۷ر جولائی ۱۹۵۶ء)

(جلسہ سالانہ ربوہ کے موقع پر)

**گول بازار ربوہ میں طبیہ عجائب گھر کے سٹال سے لیجئے!**

فہرست مفت طلب کریں۔ طبیہ عجائب گھر۔ ایمن آباد ضلع گوجرانوالہ

## قرآن مجید معرّا

الشرکۃ الاسلامیہ نے ۱۸×۲۲/۸ سائز پر قرآن مجید معرا شائع کر دیا ہے۔ سائز نہایت موزوں ہے۔ رسم الخط نہایت اعلیٰ ہے۔ بچے بھی آسانی سے پڑھ سکتے ہیں۔ کتابت طباعت دیدہ زیب۔ کاغذ نہایت عمدہ ہے۔ آج ہی آرڈر ارسال کر کے حاصل کریں۔

ھدیہ:- صرف پانچ روپے۔ تھوک خریدنے والوں کو رعایت دی جائے گی۔

**الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ۔ گولبازار ربوہ**

## حصہ داران الشرکۃ الاسلامیہ کیلئے اطلاع

الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ ربوہ کا سالانہ اجلاس عام دفتر الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ گولبازار ربوہ میں مورخہ ۲۹/۱۲/۵۸ بوقت ساڑھے آٹھ بجے صبح منعقد ہوگا۔ تمام حصہ داران کمپنی اس اجلاس میں شرکت فرما کر ممنون فرماویں۔

### ایجنڈا حسب ذیل ہوگا:-

(۱) سالانہ حسابات نفع و نقصان بیلنس شیٹ بابت سال مختتمہ ۳۰ نومبر ۱۹۵۸ء (۲) انتخاب ڈائریکٹران کمیٹی برائے سال آئندہ (۳) انتخاب آڈیٹر برائے سال آئندہ (۴) کوئی اور تجویز جو ممبر پیش کرنا چاہیں۔

خاکسار۔ جلال الدین شمس چیئرمین الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ ربوہ

## بچوں کا ٹانک

## حبّ مسان

بچوں کے لئے اعلیٰ ٹانک ہے جو دماغ اور اعصاب کی مضبوطی۔ معدے کی خرابی۔ دائمی قبض۔ سوکھا پن۔ سبز دست۔ قے۔ دودھ کا ہضم نہ ہونا کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس کا استعمال بچوں کے دانت نکالنے کے ایام میں بچے کی صحت درست رکھتا ہے اور دانت نکالنے میں مدد دیتا ہے۔

قیمت۔ ایک شیشی۔ ۲/ روپے

**دواخانہ خدمت خلق رجسٹرڈ۔ ربوہ**

## قابل رشک صحت اور طاقت

## قرص نور

جملہ شکایات کمزوری خواہ کسی سبب سے ہو ضعف دل و دماغ۔ دل کی دھڑکن۔ کمزوری مثانہ۔ عام جسمانی کمزوری اور چہرہ کی زردی کا زود اثر اور مستقل علاج۔

قیمت مکمل کورس چار روپے۔

فہرست ادویہ مفت طلب کریں!

**ناصر دواخانہ ربوہ**

## تسہیل ولادت

بچہ آسانی سے پیدا کرنے کی دوا۔ تین روپے

### دوائی خاص

عورتوں کے اندرونی امراض کی دوا۔ تین روپے

### دوائی سیلان الرحم

لیکوریا کی بہترین دوا تین روپے

### حب مسان

سوکھے بخار کی کامیاب دوا۔ سوا روپیہ

**حکیم نظام جان اینڈ سنز گوجرانوالہ**

## ہر انسان کے لئے

## ایک ضروری پیغام

زبان اردو انگریزی

**کارڈ آنے پر**

## مفت

عبداللہ الہ دین سکندر آباد۔ دکن